# پاکستان سکول عیسیٰ ٹاؤن مملکتِ بحرین

## آن لائن معاونت اور تعلمی مواد برائے تعلیمی سال 2020ء-21ء

| | | |
|---|---|---|
| جماعت۔ ہفتم | مضمون۔ اُردو لازمی | کتاب کا نام۔ سورج مکھی |
| نظم کا نام۔ نعت رسول مقبول ﷺ | صفحہ نمبر۔ 4 تا 6 | پہلی سہ ماہی |

### یونٹ نمبر 6

**نوٹ: درست تلفظ کے ساتھ نعت کی پڑھائی کریں اور ایک بار کاپی پر لکھیں۔**

**سوال نمبر 1۔ درج ذیل الفاظ کے معانی لکھیے۔**

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| مسجود ملائک | جسے فرشتوں نے سجدہ کیا | عبد | بندہ / غلام |
| مسجود حقیقی | اللہ تعالیٰ | گدا | مانگنے والا |
| شیدا | دیوانہ، شوقین | غرق موجہ شرمندگی | بہت شرمندہ ہونا |
| ساجد | سجدہ کرنے والا | افسوں | جادو |

ایسی نظم جس میں حضور ﷺ کی تعریف کی گئی ہو اسے نعت کہتے ہیں۔

سوال نمبر 2۔ درج ذیل اشعار کی تشریح کریں۔

شعر نمبر 1 وہ جس کا ذکر ہوتا ہے آسمانوں میں فرشتوں کی دعاؤں میں مؤذن کی اذانوں میں

تشریح: یہ شعر نظم نعت سے لیا گیا ہے اس کے شاعر حفیظ جالندھری ہیں۔ اس شعر میں شاعر حضرت محمد ﷺ کی شان اور عظمت کو بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبروں میں سب سے اعلیٰ اور ارفع ذات ہمارے آخری نبی ﷺ کی ہے۔ آپ وہ ہستی ہیں جن کی زمین پر انسان اور آسمان پر فرشتے تعریف کرتے ہیں۔ آپ ﷺ پر درود و سلام بھیجتے ہیں۔ یہاں تک کہ زمین پر مؤذن جب اللہ کے بندوں کو باآواز بلند نماز کے لیے بلاتے ہیں تو آپ ﷺ کا ذکر اور نام ساتھ لیا جاتا ہے۔

شعر نمبر 2 ثناء خواں جس کا قرآں ہے ثناء ہے جس کی قرآں میں اسی پر میرا ایماں ہے وہی ہے میرے ایماں میں

تشریح: شاعر کا کہنا ہے کہ میں ایک گناہ گار انسان آپ ﷺ کی تعریف کیا بیان کروں گا۔ آپ ﷺ تو وہ ہستی ہیں جس کی تعریف خود اللہ تعالیٰ نے خود قرآن میں کی ہے۔ قرآن پاک میں ارشاد ہوتا ہے "بے شک آپ ﷺ اخلاق کے سب سے بلند مرتبے پر ہیں۔" حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے حضور ﷺ کو چلتا پھرتا قرآن کہا ہے۔

شاعر کا کہنا ہے کہ نبی ﷺ پر ایمان میری زندگی کی سب سے بڑی سعادت ہے۔ آپ ﷺ آخری نبی ہیں اور میرا ایمان ہے کہ آپ ﷺ کی سنت پر عمل کر کے میں دین و دنیا میں سرخرو ہو سکتا ہوں۔

**گھر کا کام**

**1۔ صفحہ نمبر 5 پر دیئے گئے دو اشعار کا مفہوم لکھیے۔**

**2۔ اس نعت کے علاوہ کسی کتاب یا رسالے سے چند نعتیہ اشعار منتخب کر کے لکھیں۔**

# پاکستان سکول عیسیٰ ٹاؤن مملکتِ بحرین

## آن لائن معاونت اور تعلمی مواد برائے تعلیمی سال 2020ء-21ء

| | | |
|---|---|---|
| جماعت۔ ہفتم | مضمون۔ اُردو لازمی | کتاب کا نام۔ سورج مکھی |
| نظم کا نام۔ نعت رسول مقبول ﷺ | صفحہ نمبر۔ 4 تا 6 | پہلی سہ ماہی |

**متفرق سرگرمیاں**

## سرگرمی نمبر 1

**درج ذیل الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کریں۔**

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| قابل | |
| غرور | |
| ذکر | |
| معجزے | |
| سنوارا | |

## سرگرمی نمبر 2

لفظوں کی ٹرین بنائیے۔ آخری حرف سے نیا لفظ بنائیے۔ پہلی سطر / لائن مثال کے طور پر لکھی گئی ہے۔

ایمان ———— نمک ———— کتاب ———— بہار ————

———— ———— ———— ————

———— ———— ———— ————